# سپورٹس ٹائمز

## طوفانِ یمال: نوجوان فٹبالر کے کمال نے بارسلونا کی پوزیشن ناقابلِ تسخیر بنادی



بارسلونا،12 اپریل (یواین آئی) لامین یمال کے ایک گول اور دو اسسٹس کی بدولت بارسلونا نے ڈربی مقابلے میں ایسپانیول کو4-1 سے شکست دے کر لالیگا ٹائٹل کے دفاع کی جانب مضبوط قدم بڑھادیا ہے۔ اس فتح کے بعد کاتالان کلب نے دوسرے نمبر پر موجود حریف ریال میڈرڈ پر9 پوائنٹس کی واضح برتری حاصل کرلی ہے۔ ہنسی فلک کی ٹیم نے میچ کا آغاز جارحانہ انداز میں کیا۔ ہسپانوی اسٹار فیران ٹوریس نے جنوری کے بعد اپنا پہلا گول اس وقت اسکور کیا جب18 سالہ ونگر لامین یمال نے کارنر کک کے ذریعے بہترین پاس دیا۔ یمال نے جلد ہی دوسرا جادوئی پاس اپنے بوٹ کے بیرونی حصے سے دیا، جسے ٹوریس نے گول میں بدل کر اسکور2-0 کردیا۔ دوسرے ہاف کے آغاز میں بارسلونا کا ایک گول آف سائیڈ کی وجہ سے مسترد کر دیا گیا، جس کے فوراً بعد ایسپانیول کے پول لوزانو نے ایک زوردار ہٹ کے ذریعے گول کر کے اسکور 2-1 کر کے میچ میں سنسنی پیدا کردی۔ میچ کے اختتامی منٹس میں بارسلونا نے ایک بار پھر میچ پر گرفت مضبوط کرلی۔87 ویں منٹ میں لامین یمال نے گیند چھین کر اسے جال کی راہ دکھائی۔ مارکس راشفورڈ نے فرینکی ڈی جونگ کے کراس پر شاندار والی (Volley) کے ذریعے چوتھا گول اسکور کیا۔ بارسلونا کو منگل کے روز چیمپئنز لیگ کے کوارٹر فائنل میں اٹلیٹیکو میڈرڈ کا سامنا کرنا ہے، جہاں انہیں پہلے مرحلے کی2-0 کی شکست کا بدلہ لینا ہے۔

## گجرات کا جادو چل گیا

## لکھنؤ کے ”سپر جائنٹس“ ڈھیر



لکھنؤ، 12 اپریل (یو این آئی) پرسدھ کرشنا کی تباہ کن بالنگ کے بعد کپتان شبھمن گل اور جوس بٹلر کی ذمہ دارانہ بیٹنگ کی بدولت گجرات ٹائٹنز نے آئی پی ایل2026 کے19 ویں میچ میں لکھنؤ سپر جائنٹس کو8 گیندیں قبل7 وکٹوں سے شکست دے دی۔165 رنز کے ہدف کے تعاقب میں گجرات ٹائٹنز نے پراعتماد آغاز کیا۔ سائی سدرشن اور شبھمن گل نے پہلی وکٹ کے لیے45 رنز جوڑے۔ سدرشن کے آؤٹ ہونے کے بعد جوس بٹلر میدان میں آئے اور کپتان کے ساتھ مل کر اننگز کو تیزی سے آگے بڑھایا۔ شبھمن گل40 گیندوں پر56 رنز (6 چوکے، 1 چھکا) بنا کر آؤٹ ہوئے۔ جوس بٹلر نے 37 گیندوں پر11 چوکوں کی مدد سے60 رنز کی جارحانہ اننگز کھیلی۔ واشنگٹن سندر13 گیندوں پر21 رنز بنا کر ناقابلِ شکست رہے اور ٹیم کو جیت کی دہلیز پار کرائی۔ گجرات نے مطلوبہ ہدف18.4 اوورز میں3 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کر لیا۔ اس سے قبل گجرات ٹائٹنز نے ٹاس جیت کر لکھنؤ کو پہلے بیٹنگ کی دعوت دی۔ لکھنؤ کی ٹیم مقررہ20 اوورز میں8 وکٹوں پر164 رنز بنا سکی۔ ایڈن مارکرم30 رنز کے ساتھ ٹاپ اسکورر رہے، جبکہ کپتان رشبھ پنت نے18 رنز بنائے۔ لکھنؤ کے بلے باز گجرات کے بالنگ اٹیک کے سامنے مسلسل جدوجہد کرتے نظر آئے اور وقفے وقفے سے اپنی وکٹیں گنواتے رہے۔ گجرات کی جیت میں فاسٹ بالر پرسدھ کرشنا نے کلیدی کردار ادا کیا، جنہوں نے محض28 رنز دے کر4 اہم وکٹیں حاصل کیں۔ اشوک شرما نے دو، جبکہ محمد سراج اور ٹگیسو رابادا نے ایک ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔ اس جیت کے ساتھ گجرات ٹائٹنز نے ٹورنامنٹ میں اپنی پوزیشن مزید مستحکم کرلی ہے، جبکہ لکھنؤ کو اپنی بالنگ اور بیٹنگ لائن پر مزید کام کرنے کی ضرورت ہے۔ اس سے قبل ایڈن مارکرم، رشبھ پنت اور نکولس پورن کی ذمہ دارانہ بیٹنگ کی بدولت لکھنؤ سپر جائنٹس نے انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل)2026 کے19 ویں میچ میں گجرات ٹائٹنز کے خلاف مقررہ20 اوورز میں8 وکٹوں کے نقصان پر164 رنز بنائے۔ گجرات ٹائٹنز نے ٹاس جیت کر پہلے بالنگ کا فیصلہ کیا جو ابتدا میں درست ثابت ہوا۔ لکھنؤ کی پہلی وکٹ محض14 کے مجموعی اسکور پر گری جب مچل مارش (11 رنز) کو ٹگیسو رابادا نے پویلین بھیج دیا۔ کپتان رشبھ پنت نے جارحانہ آغاز کیا لیکن وہ بھی18 رنز بنا کر محمد سراج کا شکار بن گئے۔ ایڈن مارکرم نے ٹیم کو سنبھالنے کی کوشش کی اور15 گیندوں پر30 رنز کی برق رفتار اننگز کھیلی، جس میں5 چوکے اور ایک چھکا شامل تھا۔ تاہم، پرسدھ کرشنا کی عمدہ بالنگ نے لکھنؤ کے بلے بازوں کو کھل کر کھیلنے کا موقع نہ دیا۔ نکولس پورن: 19 رنز، عبدالصمد نے18 رنز، مکول چودھری نے18 رنز اور جارج لنڈے نے 16 رنز بنائے۔ آخری لمحات میں محمد شامی نے 5 گیندوں پر12 رنز بنا کر ٹیم کو ایک چیلنجنگ اسکور تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کیا۔ گجرات کی جانب سے فاسٹ بالر پرسدھ کرشنا سب سے کامیاب باؤلر رہے، جنہوں نے محض28 رنز دے کر4 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ اشوک شرما نے دو وکٹیں حاصل کیں، جبکہ محمد سراج اور ٹگیسو

## ڈوپنگ ٹیسٹ مثبت: گولڈ میڈلسٹ بنگلہ دیش کی مابیہ اختر پر دوسال کی پابندی



ڈھاکہ،12 اپریل (یواین آئی) بنگلہ دیش کی مابیہ ناز ویٹ لفٹر اور جنوبی ایشیائی کھیلوں میں دو بار سونے کا تمغہ جیتنے والی مابیہ اختر پر ممنوعہ ادویات کے استعمال کے باعث دوسال کی پابندی عائد کردی گئی ہے۔ کھلاڑی نے خود اس خبر کی تصدیق کر دی ہے۔ رپورٹس کے مطابق مابیہ اختر کا نمونہ گزشتہ سال اکتوبر میں اسلامک سالیڈیرٹی گیمز سے قبل لیا گیا تھا۔ بنگلہ دیش اولمپک ایسوسی ایشن نے جمعرات کے روز ایک سرکاری خط کے ذریعے انہیں معطلی کے فیصلے سے باضابطہ طور پر آگاہ کر دیا۔ مابیہ اختر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا، ”جب اکتوبر2025 میں میرا سیمپل لیا گیا، اس وقت میں گھٹنے کی تکلیف کے باعث سات آٹھ ماہ سے زیرِ علاج تھی۔ میں ڈاکٹر کی تجویز کردہ ادویات لے رہی تھی اور میں نے اس بارے میں میڈیکل ڈپارٹمنٹ کو بھی مطلع کر دیا تھا۔“ انہوں نے مزید بتایا کہ جنوری میں انہیں مطلع کیا گیا کہ ان کی دوا میں ممنوعہ مادہ شامل تھا۔ مابیہ کے مطابق انہوں نے خود تحقیق کی تو معلوم ہوا کہ یہ دوا جسم میں پانی کی مقدار کم کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ اگرچہ انہیں بی او اے سے نوٹیفکیشن مل گیا ہے، لیکن ابھی تک واڈا کی جانب سے براہ راست کوئی دستاویز موصول نہیں ہوئی۔ مابیہ اختر نے2012 میں اپنے قومی کیریئر کا آغاز کیا اور اب تک پانچ بین الاقوامی گولڈ میڈل جیت چکی ہیں، جن میں2016 اور2019 کے جنوبی ایشیائی کھیلوں کے لگاتار سونے کے تمغے شامل ہیں۔ یہ پابندی ان کے شاندار کیریئر کے لیے اب تک کی سب سے بڑی رکاوٹ قرار دی جارہی ہے۔

## راجستھان رائلز کے منیجر ڈگ آؤٹ میں موبائل چلاتے رنگے ہاتھوں پکڑے گئے



گواہاٹی،12 اپریل (یو این آئی) راجستھان رائلز کے ٹیم منیجر رومی بھنڈر اس وقت تنازع کا شکار ہوگئے جب رائل چیلنجرز بنگلورو کے خلاف میچ کے دوران انہیں ٹیم ڈگ آؤٹ میں موبائل فون استعمال کرتے ہوئے دیکھا گیا۔ میچ کے دوران ٹی وی کیمروں نے رومی بھنڈر کو موبائل فون پر مصروف دکھایا، جس کی تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئیں۔ بی سی سی آئی کے ایک اہلکار نے تصدیق کی ہے کہ یہ ’پلیئرز اینڈ میچ آفیشلز ایریا‘ کے پروٹوکول کی کھلی خلاف ورزی ہے، کیونکہ قوانین کے تحت میچ کے دوران ڈگ آؤٹ میں موبائل فون کا استعمال سختی سے ممنوع ہے۔ آئی پی ایل2026 کے قوانین کے مطابق، ٹیم منیجر ڈریسنگ روم میں تو فون استعمال کر سکتا ہے لیکن ڈگ آؤٹ میں اسے استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ رپورٹس کے مطابق، رومی بھنڈر پر فی الحال ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کا باضابطہ الزام عائد نہیں کیا گیا ہے، تاہم بی سی سی آئی حکام کا کہنا ہے کہ اس معاملے پر کارروائی ہونی چاہیے۔ اینٹی کرپشن یونٹ اور میچ ریفری کی رپورٹ کی بنیاد پر فیصلہ کیا جائے گا۔ سزا کے طور پر محض وارننگ دی جاسکتی ہے یا میچ کی پابندی بھی عائد کی جاسکتی ہے۔ اس تنازع کے باوجود، راجستھان رائلز نے یہ میچ6 وکٹوں سے جیت لیا۔ 15 سالہ نوجوان بلے باز ویبھو سوریہ ونشی، جن کے رومی بھنڈر ’لوکل گارڈین‘ بھی ہیں، نے محض26 گیندوں پر78 رنز کی جارحانہ اننگز کھیل کر ’پلیئر آف دی میچ‘ کا اعزاز حاصل کیا۔

## میدان میں آپے سے باہر

## نیتنش رانا کو ’نازیبا زبان‘ مہنگی پڑ گئی



چنئی،12 اپریل (یو این آئی) دہلی کیپیٹلز کے بلے باز نیتنش رانا کو چنئی سپر کنگز کے خلاف میچ کے دوران چوتھے امپائر کے ساتھ بدتمیزی اور نازیبا زبان استعمال کرنے پر میچ فیس کا25 فیصد جرمانہ کر دیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی ان کے ڈسپلنری ریکارڈ میں ایک ڈی میرٹ پوائنٹ کا بھی اضافہ کیا گیا ہے۔ نیتنش رانا، جو خراب فارم کی وجہ سے اس میچ میں پلیئنگ الیون کا حصہ نہیں تھے اور ڈگ آؤٹ میں بیٹھے تھے، اس وقت غصے میں آگئے جب میدان میں موجود بلے باز ٹرسٹن اسٹبس نے دستانے تبدیل کرنے کی درخواست کی۔ امپائر انیش سہر بدھے نے اس مطالبے کو مسترد کر دیا، جس پر رانا کی امپائر کے ساتھ تلخ کلامی ہوئی۔ اس وقت دہلی کیپیٹلز کو جیت کے لیے دو اوورز میں 32 رنز درکار تھے اور60 رنز پر ناٹ آؤٹ کھیلنے والے ٹرسٹن اسٹبس ٹیم کی آخری امید تھے۔ تاہم، اسی اوور کی تیسری گیند پر اسٹبس آؤٹ ہو گئے اور دہلی کیپیٹلز کو23 رنز سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ نیتنش رانا نے اپنی غلطی تسلیم کرلی ہے، جس کے بعد آئی پی ایل انتظامیہ نے ان پر جرمانہ عائد کرنے کا فیصلہ کیا۔

## بی سی بی نے شریف الاسلام اور ناہید رانا کے این او سی میں توسیع کر دی




ڈھاکہ،12 اپریل (یواین آئی) بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ نے پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) میں پشاور زلمی کی نمائندگی کرنے والے فاسٹ بالرز شریف الاسلام اور ناہید رانا کے این او سی میں ایک دن کی توسیع کر دی ہے۔ بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ کی جانب سے آج جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق، یہ فیصلہ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) اور پی ایس ایل فرنچائز پشاور زلمی کی خصوصی درخواست پر کیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ”شریف الاسلام اور ناہید رانا کو اصل میں12 اپریل 2026 تک این او سی جاری کیا گیا تھا۔ اب نئے انتظام کے تحت دونوں کھلاڑیوں کو13 اپریل کو ملتان سلطانز کے خلاف ہونے والے میچ میں شرکت کے لیے پاکستان میں قیام کی اجازت دے دی گئی ہے۔“ پشاور زلمی اس وقت پوائنٹس ٹیبل پر سرفہرست ہے، جس نے اپنے پانچ میں سے چار میچوں میں کامیابی حاصل کی ہے۔ پیر کے روز ہونے والا مقابلہ ملتان سلطانز کے خلاف ان کی پوزیشن مزید مستحکم کرنے کے لیے اہم ہے۔

## آیوش شیٹی کی جادوئی مہم فائنل میں شی یو کی کی دیوار سے ٹکرا گئی



ننگبو (چین)، 12 اپریل (یو این آئی) دنیا کے دوسرے نمبر کے کھلاڑی شی یو کی نے بیڈمنٹن ایشیا چیمپئن شپ2026 کے فائنل میں ہندوستانی ”جائنٹ کلر“ آیوش شیٹی کی فتوحات کے سلسلے کو روکتے ہوئے طلائی تمغہ اپنے نام کر لیا۔ اتوار کو کھیلے گئے یکطرفہ فائنل میں چینی اسٹار نے20 سالہ بھارتی نوجوان کو 21-8، 21-10 سے شکست دی۔2025 پیرس ورلڈ چیمپئن شپ کے گولڈ میڈلسٹ شی یو کی نے میچ کے آغاز سے ہی اپنا تسلط برقرار رکھا۔ تین بار کے آل انگلینڈ اوپن چیمپئن نے اپنے طاقتور اسمیشز کے ذریعے پہلے گیم میں آیوش کے دفاع کو بری طرح ناکام بنایا اور محض8 پوائنٹس پر قابو پا کر پہلا گیم جیت لیا۔ دوسرے گیم میں عالمی نمبر 25 آیوش شیٹی نے بہتر آغاز کیا اور ایک موقع پر6-2 کی برتری حاصل کر لی۔ تاہم، تجربہ کار چینی کھلاڑی نے شاندار واپسی کرتے ہوئے مسلسل6 پوائنٹس حاصل کیے اور وقفے تک اسکور11-8 کر دیا۔

## باسکٹ بال ٹورنامنٹ: مرانڈا ہاؤس ہنس راج کالج اور اسٹنرز اکیڈمی کی فتوحات




نئی دہلی، 12 اپریل (یو این آئی) گرو تیغ بہادر کالج کے زیر اہتمام منعقدہ 5 ویں پی ایس پی بی بابا دیپ سنگھ باسکٹ بال ٹورنامنٹ کے چھٹے روز مرانڈا ہاؤس، ہنس راج کالج اور اسٹنرز اکیڈمی نے اپنے اپنے میچوں میں شاندار کامیابی حاصل کی۔ خواتین کے زمرے میں کھیلے گئے میچ میں مرانڈا ہاؤس نے ہنس راج کالج کو ایک یکطرفہ مقابلے میں 53-18 سے شکست دی۔ مرانڈا ہاؤس کی کھلاڑی دکشتا کو ان کی بہترین کارکردگی پر ’پلیئر آف دی میچ‘ کے اعزاز سے نوازا گیا۔ مردوں کے زمرے میں ہنس راج کالج نے رام جس کالج کے خلاف شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے63-38 سے کامیابی حاصل کی۔ ہنس راج کالج کے سارتھک کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ ایک اور دلچسپ مقابلے میں اسٹنرز اکیڈمی نے خالصہ ایلومنائی کو105-87 کے بھاری مارجن سے ہرا دیا۔ اسٹنرز اکیڈمی کے جینت کادیان اپنی عمدہ کھیل کی بدولت ’پلیئر آف دی میچ‘ قرار پائے۔

## اتر پردیش کی حکمرانی: فائنل کے سنسنی خیز معرکے میں مدھیہ پردیش ڈھیر، یو پی ہاکی چیمپئن بن گیا




راجگیر (بہار)،12 اپریل (یواین آئی) اتر پردیش نے ’16 ویں ہاکی انڈیا سب جونیئر مردوں کی قومی چیمپئن شپ2026‘ کے فائنل میں مدھیہ پردیش کو شکست دے کر طلائی تمغہ جیت لیا۔ دوسری جانب، پنجاب نے تیسری پوزیشن کے میچ میں دادرا اور نگر حویلی کو ہرا کر کانسی کا تمغہ حاصل کیا۔ بہار کے شہر راجگیر میں کھیلے گئے فائنل میں اتر پردیش نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے مدھیہ پردیش کو5-2 سے ہرا دیا۔ یو پی کے کپتان کیتن کشواہا نے چوتھے منٹ میں فیلڈ گول کر کے ٹیم کو برتری دلائی۔ مدھیہ پردیش کے غازی خان نے 8 ویں منٹ میں گول کر کے اسکور برابر کر دیا۔ نتیش یادو نے 13 ویں منٹ میں پنالٹی کارنر کے ذریعے، جبکہ علی شاہ رخ نے28 ویں منٹ میں گول کر کے برتری 3-1 کر دی۔ اس کے بعد راج بھر پرہلاد اور چوہان راگھویندر سنگھ نے مزید گول کر کے یو پی کی پوزیشن ناقابلِ تسخیر بنادی۔ مدھیہ پردیش کی جانب سے آیوش سنگھ لودھی نے آخری لمحات میں ایک گول کیا، لیکن وہ صرف ہار کے فرق کو ہی کم کر سکا۔ اتر پردیش کی ٹیم پورے ٹورنامنٹ میں چھائی رہی۔ انہوں نے اپنے سفر کا آغاز منی پور کے خلاف17-1 کی بڑی جیت سے کیا تھا۔ کوارٹر فائنل میں اوڈیشہ اور سیمی فائنل میں پنجاب کو شکست دینے کے بعد، انہوں نے فائنل جیت کر ٹرافی اپنے نام کی۔ علی شاہ رخ ٹورنامنٹ میں ٹیم کے ٹاپ اسکورر رہے۔ تیسری پوزیشن کے لیے کھیلے گئے ایک قریبی مقابلے میں پنجاب نے دادرا اور نگر حویلی (اور دمن و دیو) کو1-0 سے شکست دی۔ میچ کا واحد اور فیصلہ کن گول راجویر سنگھ نے8 ویں منٹ میں کیا، جس کی بدولت پنجاب نے پوڈیم پر جگہ بنانے میں کامیابی حاصل کی۔

## 16 ویں ہاکی انڈیا سب جونیئر ویمن نیشنل چیمپئن شپ

## جھارکھنڈ نے ٹائٹل کا دفاع کرتے ہوئے سونے کا تمغہ جیت لیا




رانچی، 12 اپریل (یو این آئی) میزبان جھارکھنڈ نے اتوار کے روز اپنی شاندار کارکردگی برقرار رکھتے ہوئے مدھیہ پردیش کو شکست دے کر ’16 ویں ہاکی انڈیا سب جونیئر ویمن نیشنل چیمپئن شپ2026‘ کا ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔ دوسری جانب، اوڈیشہ نے اتر پردیش کو ہرا کر کانسی کا تمغہ حاصل کیا۔ رانچی میں کھیلا گیا فائنل مقابلہ انتہائی سنسنی خیز رہا، جہاں میزبان جھارکھنڈ نے مدھیہ پردیش کو1-2 سے مات دی۔ میچ کے 5 ویں منٹ میں سگن سانگا نے پنالٹی کارنر کو گول میں بدل کر جھارکھنڈ کو ابتدائی برتری دلائی۔ دوسرے ہاف کے 37 ویں منٹ میں نامی گیتا شری نے گول کر کے اسکور1-1 سے برابر کر دیا۔ جب میچ برابری پر ختم ہوتا نظر آرہا تھا، تب56 ویں منٹ میں سیوانی کرکیٹا نے ایک شاندار فیلڈ گول کر کے جھارکھنڈ کی فتح اور ٹائٹل کا دفاع یقینی بنادیا۔ جھارکھنڈ کی ٹیم پورے ٹورنامنٹ میں ناقابلِ شکست رہی۔ سندیپ کماری 5 گولز کے ساتھ اپنی ٹیم کی ٹاپ اسکورر رہیں۔ تیسری پوزیشن کے لیے کھیلے گئے میچ میں اوڈیشہ نے اتر پردیش کو2-4 سے شکست دی۔ اوڈیشہ کی جانب سے پریانکا منج نے دو گول (8 ویں اور18 ویں منٹ میں) کر کے ٹیم کو مضبوط آغاز فراہم کیا۔ پریا پرنس ایکا اور ارچنا کجور نے مزید ایک ایک گول کر کے برتری کو0-4 کر دیا۔ اتر پردیش کی جانب سے کپتان اریکا کماری اور ممتا کماری نے گول کیے، لیکن وہ اوڈیشہ کی ابتدائی برتری کو ختم کرنے میں ناکام رہیں اور اوڈیشہ نے پوڈیم پر اپنی جگہ بنالی۔

# منسکھ مانڈویا کا فٹنس مشن: مانڈویا نے 'سنڈے آن سائیکل' کا 69واں معرکہ مکمل!



نئی دہلی، 12 اپریل (یو این آئی) وفاقی وزیر برائے کھیل ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے آج جواہر لعل نہرو اسٹیڈیم میں منعقدہ 'فٹ انڈیا سنڈیز آن سائیکل' کے 69 ویں ایڈیشن کی قیادت کی۔ اس موقع پر انہوں نے شہریوں، بالخصوص نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ ایک ترقی یافتہ ہندوستان کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے کے لیے فعال طرزِ زندگی اپنائیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر مانڈویا نے کہا، "وزیر اعظم مودی کی ترغیب سے 'سنڈے آن سائیکل' اب ایک ملک گیر تحریک بن چکی ہے۔ ایک صحت مند شہری ہی صحت مند معاشرے کی بنیاد رکھتا ہے، جو بالآخر قوم کو ترقی کی راہ پر گامزن کرتا ہے۔" وفاقی وزیر نے 'فٹ انڈیا ایپ' کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے بتایا کہ یہ ایپ فٹنس کو ماحولیاتی تحفظ (سسٹین ایبلٹی) سے جوڑتی ہے۔ شہری سائیکل چلا کر 'کاربن کریڈٹ' حاصل کر سکتے ہیں۔ ان کریڈٹس کو مختلف مصنوعات خریدنے کے لیے استعمال کیا جا سکے گا۔ جلد ہی سائیکلنگ لیڈر بورڈ پر سرفہرست رہنے والوں کو انعامات سے بھی نوازا جائے گا۔ اتوار کی صبح اسٹیڈیم کا منظر کسی بڑے فٹنس میلے جیسا تھا۔ زومبا مشقیں، یوگا، رسہ کشی، رسی کودنا اور دیگر تفریحی کھیلوں نے شرکاء کا لہو گرما دیا۔ اس تقریب میں مشہور شخصیات، طلبہ، پیشہ ور افراد اور کھلاڑیوں سمیت عام خاندانوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کے دوران 2014 کے کامن ویلتھ گیمز کی کانسہ کا تمغہ جیتنے والی باکسر پنکی جانگڑا کو اعزاز سے نوازا گیا۔ ان کے ساتھ فٹنس انفلوئنسر دنیش شیٹی اور سماجی کارکن سونیا سیسودیا کو بھی سراہا گیا۔ 'راہگیری فاؤنڈیشن' کی جانب سے "اسٹیٹ یوتھ لیڈرز" کے موضوع پر ایک متاثر کن 'نکڑ ناٹک' بھی پیش کیا گیا جس نے حاضرین کے دل جیت لیے۔

## فیفا سیریز 2026: ہندوستانی خواتین فٹ بال ٹیم کو میزبان کینیا کے ہاتھوں شکست



نیروبی، 12 اپریل (یو این آئی) ہندوستانی خواتین فٹ بال ٹیم کا فیفا سیریز 2026 کا سفر مایوس کن آغاز کے ساتھ شروع ہوا، جہاں ہفتے کے روز نیروبی کے 'نیاؤ نیشنل اسٹیڈیم' میں میزبان کینیا نے ہندوستان کو 2-0 سے شکست دے دی۔ فیفا رینکنگ میں 67 ویں نمبر پر موجود ہندوستانی ٹیم، دنیا کی 134 ویں نمبر کی ٹیم کینیا کے خلاف جدوجہد کرتی نظر آئی۔ کینیا نے میچ کے آغاز میں ہی برتری حاصل کر لی تھی۔ پہلا گول میچ کے دوسرے ہی منٹ میں مارتھا ایمیڈوٹ نے گول کر کے کینیا کو 1-0 کی برتری دلائی۔ 55 ویں منٹ میں ٹیریزا اوبونیا نے دوسرا گول کر کے اپنی ٹیم کی جیت یقینی بنا دی۔ ہندوستانی ٹیم کئی مواقع ملنے کے باوجود گیند کو جال کی راہ دکھانے میں ناکام رہی۔ دن کے پہلے سیمی فائنل میں آسٹریلیا نے ملاوی کو 5-0 کے بڑے مارجن سے شکست دی۔ اب ہندوستانی ٹیم بدھ کے روز تیسری پوزیشن کے پلے آف میچ میں ملاوی کے مدمقابل ہوگی۔

## نا ممکن کو ممکن بنانے والی پیال ناگ، بغیر ہاتھ پاؤں عالمی چیمپئن بن گئیں



نئی دہلی، 12 اپریل: نیوز ڈیسک: بھارت کی نوجوان پیرا آرچر پیال ناگ نے ناممکن کو ممکن بنا کر عالمی سطح پر تاریخ رقم کر دی ہے، جہاں انہوں نے اپنی غیر معمولی جدوجہد اور محنت کے بل پر ورلڈ پیرا آرچری سیریز کا ٹائٹل اپنے نام کیا۔ 18 سالہ پیال ناگ، جو بغیر ہاتھ اور پاؤں کے پیدا نہیں ہوئیں بلکہ ایک حادثے میں اپنے اعضا سے محروم ہو گئیں، نے بنکاک میں ہونے والے فائنل میں عالمی چیمپئن شیتل دیوی کو 126 کے مقابلے میں 129 کے اسکور سے شکست دے کر سونے کا تمغہ حاصل کیا۔ پیال کی زندگی کا سب سے بڑا المیہ 2015 میں پیش آیا جب وہ صرف پانچ سال کی تھیں اور ایک تعمیراتی مقام پر 11000 وولٹ کے بجلی کے تار سے کرنٹ لگنے کے باعث اپنے دونوں ہاتھ اور پاؤں کھو بیٹھیں۔ اس حادثے کے بعد ان کے خاندان کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا اور معاشرتی دباؤ بھی برداشت کرنا پڑا۔ تاہم ان کے والدین نے ہمت نہیں ہاری اور انہیں آگے بڑھنے کا موقع دیا۔ بعد ازاں وہ ایک یتیم خانے میں منتقل ہوئیں جہاں انہوں نے منہ سے پینٹنگ کرنا سیکھا، جو ان کی زندگی کا اہم موڑ ثابت ہوا۔ یہیں سے ان کی ویڈیو کوچ کلدیپ ویدوان تک پہنچی، جنہوں نے ان کی صلاحیت کو پہچانا اور ایک ایسا نظام تیار کیا جس کے ذریعے پیال بغیر ہاتھ پاؤں کے تیر اندازی کر سکیں۔ انہوں نے خصوصی آلات تیار کیے تاکہ وہ کمان کو سنبھال سکیں اور شاٹ لے سکیں، جو کھیل کی تاریخ میں ایک منفرد مثال ہے۔ پیال نے مسلسل سخت تربیت کے ذریعے خود کو اس مقام تک پہنچایا جہاں انہوں نے نہ صرف عالمی سطح پر کامیابی حاصل کی بلکہ یہ بھی ثابت کیا کہ عزم اور حوصلہ کسی بھی جسمانی رکاوٹ سے بڑا ہوتا ہے۔ ان کی کامیابی نہ صرف کھیل کے میدان میں ایک بڑی کامیابی ہے بلکہ یہ معاشرے میں معذوری سے متعلق روایتی سوچ کو بھی چیلنج کرتی ہے اور لاکھوں افراد کے لیے امید کی نئی کرن بن گئی ہے۔

## شبمن گل نے تاریخ رقم کر دی، آئی پی ایل میں کوہلی کا ریکارڈ توڑ دیا



لکھنؤ، 12 اپریل: نیوز ڈیسک: گجرات ٹائٹنز کے کپتان شبمن گل نے انڈین پریمیئر لیگ میں ایک اہم سنگ میل عبور کرتے ہوئے تاریخ رقم کر دی اور ویرات کوہلی کا ریکارڈ توڑ کر ٹورنامنٹ میں چار ہزار رنز مکمل کرنے والے کم عمر ترین بلے باز بن گئے۔ شبمن گل نے یہ کارنامہ 26 سال اور 216 دن کی عمر میں لکھنؤ سپر جائنٹس کے خلاف میچ کے دوران انجام دیا۔ اس سے قبل یہ ریکارڈ ویرات کوہلی کے پاس تھا جنہوں نے 2016 میں 27 سال اور 195 دن کی عمر میں یہ سنگ میل حاصل کیا تھا۔ میچ میں شبمن گل نے شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 40 گیندوں پر 56 رنز بنائے جس میں چھ چوکے اور ایک چھکا شامل تھا۔ انہوں نے ذمہ دارانہ اور جارحانہ کھیل کا خوبصورت امتزاج پیش کیا اور 36 گیندوں پر اپنی نصف سنچری مکمل کی۔ انہوں نے جوس بٹلر کے ساتھ دوسری وکٹ کے لیے 84 رنز کی اہم شراکت قائم کی جبکہ بٹلر نے بھی 60 رنز کی عمدہ اننگز کھیلی۔ گل نے تیز اور اسپن دونوں باؤلرز کے خلاف اعتماد کے ساتھ کھیلتے ہوئے ٹیم کو مضبوط پوزیشن میں پہنچایا۔ اگرچہ وہ پرنس یادو کی گیند پر آؤٹ ہو گئے تاہم ان کی اننگز نے ٹیم کی جیت کی بنیاد رکھ دی۔ بعد میں واشنگٹن سندر اور راہول تیواتیا نے ٹیم کو ہدف تک پہنچا دیا۔ اس فتح کے ساتھ گجرات ٹائٹنز پوائنٹس ٹیبل پر پانچویں مقام پر پہنچ گئی ہے اور ٹیم آئندہ میچز میں اپنی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے پرعزم ہے۔

## انڈین سپر لیگ: انٹر کاشی کی مسلسل دوسری جیت، محمڈن اسپورٹنگ کو 0-1 سے شکست



کولکتہ، 12 اپریل (یو این آئی) انڈین سپر لیگ (آئی ایس ایل) 26-2025 کے ایک اہم مقابلے میں انٹر کاشی نے محمڈن اسپورٹنگ کلب کو 0-1 سے ہرا کر ٹورنامنٹ میں اپنی مسلسل دوسری کامیابی حاصل کر لی ہے۔ اتوار کو کلیانی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے اس میچ میں محمد آصف کا گول فیصلہ کن ثابت ہوا۔ میچ کا آغاز کافی سنسنی خیز رہا، لیکن 15 ویں منٹ میں انٹر کاشی کے محمد آصف نے گیند کو جال کی راہ دکھا کر اپنی ٹیم کو 0-1 کی برتری دلائی۔ محمڈن اسپورٹنگ نے پہلے ہاف کے اختتام اور دوسرے ہاف میں واپسی کی بھرپور کوشش کی، لیکن انٹر کاشی کے مضبوط دفاع نے انہیں گول کرنے کا کوئی موقع نہ دیا۔ بہترین کارکردگی کی بنیاد پر سندیپ منڈی کو 'پلیئر آف دی میچ' قرار دیا گیا۔ اس فتح کے بعد انٹر کاشی کی پوزیشن میں بہتری آئی ہے۔

## آئی پی ایل میچ میں اینٹی کرپشن ضابطہ کی خلاف ورزی بی سی سی آئی کا سخت ایکشن کا اشارہ

نئی دہلی 12 اپریل: نیوز ڈیسک: بی سی سی آئی نے آئی پی ایل 2026 کے ایک میچ کے دوران اینٹی کرپشن ضابطہ کی خلاف ورزی پر سخت رد عمل ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس معاملے میں کارروائی ناگزیر ہے۔ یہ واقعہ اس وقت سامنے آیا جب راجستھان رائلز کے ٹیم منیجر رومی بھنڈر کو رائل چیلنجرز بنگلورو کے خلاف میچ کے دوران ڈگ آؤٹ میں موبائل فون استعمال کرتے ہوئے دیکھا گیا۔ ٹی وی کیمروں نے انہیں نوجوان کھلاڑی ویبھو سوریاونشی کے ساتھ بیٹھے ہوئے فون استعمال کرتے ہوئے ریکارڈ کیا۔ بی سی سی آئی کے ایک عہدیدار نے تصدیق کی کہ ڈگ آؤٹ میں موبائل فون کا استعمال ممنوع ہے اور یہ پلیئرز اینڈ میچ آفیشلز ایریا کے ضوابط کی واضح خلاف ورزی ہے۔ قواعد کے مطابق ٹیم منیجر ڈریسنگ روم میں فون استعمال کر سکتا ہے لیکن میچ کے دوران ڈگ آؤٹ میں اس کی اجازت نہیں ہوتی۔ ذرائع کے مطابق رومی بھنڈر اس ضابطے سے بخوبی واقف تھے کیونکہ وہ طویل عرصے سے ٹیم کے ساتھ وابستہ ہیں، تاہم اس کے باوجود یہ خلاف ورزی سامنے آئی۔ بی سی سی آئی نے کہا ہے کہ معاملے کی تحقیقات اینٹی کرپشن یونٹ کے ذریعے کی جائے گی اور رپورٹ کی بنیاد پر کارروائی کا فیصلہ ہوگا۔ ممکنہ سزاؤں میں وارننگ جرمانہ یا میچز کے لیے ڈگ آؤٹ اور ڈریسنگ روم میں داخلے پر پابندی شامل ہو سکتی ہے۔ یہ معاملہ اس وقت مزید اہمیت اختیار کر گیا جب ویبھو سوریاونشی نے میچ کے بعد رومی بھنڈر کو اپنا "لوکل گارڈین" قرار دیا، جس کے بعد ان پر مزید نگرانی کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔

## آئی پی ایل میں آشا بھوسلے کی یاد میں خاموشی، بازوبند پہن کر خراج عقیدت پیش



ممبئی، 12 اپریل: نیوز ڈیسک: انڈین پریمیئر لیگ 2026 کے دوران آشا بھوسلے کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے ممبئی انڈینز اور رائل چیلنجرز بنگلورو کے درمیان میچ سے قبل ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی جبکہ کھلاڑیوں نے سیاہ بازوبند باندھ کر انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ 92 سالہ عظیم گلوکارہ کا انتقال ممبئی کے بریچ کینڈی اسپتال میں ہوا جس کے بعد پورے ملک میں سوگ کی فضا ہے۔ ممبئی انڈینز کے کھلاڑیوں نے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں میچ کے دوران سیاہ بازوبند پہن کر ان کی یاد کو تازہ کیا۔ آشا بھوسلے، جنہوں نے آٹھ دہائیوں پر محیط کیریئر میں ہزاروں یادگار گیت گائے، بھارتی موسیقی کی ایک نمایاں شخصیت تھیں۔ وہ معروف گلوکارہ لتا منگیشکر کی بہن بھی تھیں اور اپنی منفرد آواز کے باعث دنیا بھر میں پہچانی جاتی تھیں۔ انہیں دو مرتبہ گریمی ایوارڈ کے لیے نامزد کیا گیا جبکہ انہیں دادا صاحب پھالکے ایوارڈ اور پدم وبھوشن جیسے اعلیٰ اعزازات سے بھی نوازا گیا۔ اس موقع پر کرکٹ کے عظیم کھلاڑی سچن ٹنڈولکر نے بھی سوشل میڈیا پر جذباتی پیغام جاری کرتے ہوئے کہا کہ آشا بھوسلے اپنی لازوال آواز کے ذریعے ہمیشہ زندہ رہیں گی جبکہ ویرات کوہلی نے بھی ان کے انتقال پر گہرے دکھ کا اظہار کیا۔ بھارتی موسیقی اور ثقافت میں ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا اور ان کی آواز نسلوں تک دلوں میں گونجتی رہے گی۔

## عالمی تیر اندازی کپ، ہندوستانی خواتین کی ٹیم نے سونے کا تمغہ جیت لیا



پوئبلا (میکسیکو)، 12 اپریل (یو این آئی) تجربہ کار تیر انداز جیوتی سوریکھا وینم، مدھورا دھمنگاؤں کر اور پرگتی پر مشتمل ہندوستانی خواتین کی کمپاؤنڈ ٹیم نے تیر اندازی ورلڈ کپ 2026 کے پہلے مرحلے میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سونے کا تمغہ اپنے نام کر لیا۔ ہفتے کو کھیلے گئے فائنل میں ٹاپ سیڈ ہندوستانی ٹیم نے امریکہ کی مضبوط ٹیم کو ایک انتہائی قریبی مقابلے میں 233-232 سے شکست دی۔ امریکی ٹیم میں پیج پیئرس، اولیویا ڈین اور ایلیکس روئز شامل تھیں، جو عالمی سطح پر تمغے جیتنے کا وسیع تجربہ رکھتی ہیں۔ میچ کے دوران ایک وقت ایسا بھی آیا جب دوسرے سیٹ کے اختتام پر ہندوستان 117-114 سے پیچھے تھا۔ تاہم، تیسرے سیٹ میں ہندوستانی کھلاڑیوں نے اس فرق کو کم کر کے 174-173 کر دیا۔ آخری سیٹ میں ہندوستان نے چار 'X' اور دو '10' پوائنٹس حاصل کر کے بازی پلٹ دی اور اس سیزن کا پہلا گولڈ میڈل ملک کے نام کیا۔ ہندوستانی ٹیم نے کوالیفیکیشن راؤنڈ میں 2074 پوائنٹس کے ساتھ پہلی پوزیشن حاصل کی تھی، جس کی وجہ سے انہیں ابتدائی راؤنڈ میں 'بائی' ملا۔ کوارٹر فائنل میں ڈنمارک کو 234-235 سے ہرایا۔ سیمی فائنل میں ترکیہ کو 233-230 سے شکست دے کر فائنل میں جگہ بنائی۔ ہندوستان کمپاؤنڈ مکسڈ ٹیم ایونٹ میں تمغہ حاصل کرنے میں ناکام رہا۔

## جرمن فٹبال میں تاریخی قدم، خاتون کوچ کی مردوں کی ٹیم کی قیادت



برلن، 12 اپریل: نیوز ڈیسک: جرمن فٹبال میں ایک تاریخی پیش رفت سامنے آئی ہے جہاں یونین برلن نے میری لوئس ایٹا کو مردوں کی ٹیم کا ہیڈ کوچ مقرر کر دیا ہے، جو یورپ کی ٹاپ پانچ لیگز میں اس نوعیت کی پہلی تقرری ہے۔ یہ فیصلہ سابق کوچ اسٹیفن باؤمگارٹ کے عہدہ چھوڑنے کے بعد کیا گیا اور ایٹا کو موجودہ سیزن کے اختتام تک ٹیم کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ 34 سالہ ایٹا اس سے قبل ایک کامیاب فٹبالر رہ چکی ہیں اور انہوں نے 2010 میں ویمنز چیمپئنز لیگ جیتنے کے ساتھ ساتھ 2009 سے 2011 تک مسلسل تین بنڈس لیگا ٹائٹل بھی اپنے نام کیے۔ کوچنگ کے میدان میں بھی وہ جرمنی کی مختلف جونیئر ٹیموں کے ساتھ کام کر چکی ہیں اور یونین برلن میں اسسٹنٹ کوچ کے طور پر بھی خدمات انجام دے چکی ہیں۔ یونین برلن اس وقت بنڈس لیگا کی درجہ بندی میں گیارہویں مقام پر ہے اور ٹیم کو سیزن کے باقی میچز میں اپنی پوزیشن مستحکم کرنے کا چیلنج درپیش ہے۔ ایٹا کے لیے سب سے بڑا امتحان ٹیم کی کارکردگی میں بہتری لانا اور دفاعی مضبوطی کو بحال کرنا ہوگا تاکہ کلب نہ صرف لیگ میں اپنی جگہ برقرار رکھ سکے بلکہ بہتر پوزیشن کے لیے بھی جدوجہد جاری رکھے۔ یہ تقرری نہ صرف جرمن فٹبال بلکہ عالمی کھیلوں کی دنیا میں بھی ایک اہم سنگ میل کے طور پر دیکھی جا رہی ہے، جس سے خواتین کوچز کے لیے نئی راہیں ہموار ہوں گی۔

مقامی سپورٹس کی خبریں شائع کرنے کے لئے رابطہ کریں

شہر و گام میں ہو رہے تمام لوکل سپورٹس کو فروغ اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے اخبار "سرینگر ٹائمز" کھیل کے تئیں دلچسپی رکھنے والوں کے لئے سپورٹس صفحہ پر ایک مخصوص کالم فراہم کر رکھا ہے۔ جس میں آپ اپنے علاقے کی کھیل کی سرگرمیاں تصویر کے ساتھ اخبار میں شائع کرنے کے لئے ہمارے ای میل ایڈریس یا پھر تحریری طور کھیل کی مکمل تفصیلات ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی کے نام دفتر سرینگر ٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر ارسال کر سکتے ہیں

نوٹ: (۱) جس کے لئے آپ کو معاوضہ دینے کی ضرورت نہیں جو کہ ادارہ کی طرف سے وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے مفت شائع ہوتا ہے
(۲) سپورٹس ٹائمز کے صفحہ پر شائع ہونے والی مقامی خبروں کے علاقہ مقامی ٹورنامنٹس کی خبریں جو شائع ہوتی ہے یہ تمام اشتہارات ادارہ وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور نیک نیتی کے ساتھ شائع کرتا ہے ادارہ کسی غلط نتیجہ کا ذمہ دار نہیں۔ کھلاڑی ٹورنامنٹس میں حصہ لینے سے قبل اپنی طرف سے ان کو جانچ لیا کریے۔ (ادارہ)

مکمل پتہ:
ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی
دفتر سرینگر ٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر۔ 190001

email: saahil.srinagartimes@gmail.com
مزید جانکاری کے لئے اس فون نمبر پر رابطہ قائم کر سکتے ہیں: 0194-2456781

## کولکاتا نائٹ رائیڈرز کو بڑا ریلیف، پاتھیرانا کی واپسی سے باؤلنگ مضبوط



نئی دہلی، 12 اپریل: نیوز ڈیسک: کولکاتا نائٹ رائیڈرز کو انڈین پریمیئر لیگ 2026 میں بڑا ریلیف ملا ہے کیونکہ سری لنکا کے فاسٹ بولر متھیشا پاتھیرانا چنئی سپر کنگز کے خلاف اہم میچ سے قبل ٹیم میں شامل ہونے کے لیے تیار ہیں۔ پاتھیرانا کو سری لنکا کرکٹ کی جانب سے این او سی مل گیا ہے جس کے بعد وہ ٹورنامنٹ میں شرکت کر سکیں گے۔ امکان ہے کہ وہ چنئی میں ہونے والے میچ کے لیے دستیاب ہوں گے۔ یہ فاسٹ بولر ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2026 کے دوران انجری کا شکار ہو گئے تھے اور اسی وجہ سے آئی پی ایل کے ابتدائی میچز میں شرکت نہیں کر سکے تھے۔ ان کی واپسی ایسے وقت میں ہو رہی ہے جب ٹیم کو باؤلنگ میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ کولکاتا نائٹ رائیڈرز نے سیزن کے ابتدائی چار میچز میں کوئی کامیابی حاصل نہیں کی جس میں تین شکستیں اور ایک میچ بارش کی نذر ہوا۔ ٹیم کے اہم باؤلرز ہرشیت رانا اور آکاش دیپ پہلے ہی انجری کے باعث باہر ہو چکے ہیں جبکہ ورون چکرورتی بھی انگلی کی چوٹ کے باعث آخری میچز نہیں کھیل سکے۔ پاتھیرانا، جو اپنی یارکر اور ڈیتھ اوورز باؤلنگ کے لیے مشہور ہیں، ٹیم کی باؤلنگ لائن کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے اب تک آئی پی ایل میں 32 میچز کھیل کر 47 وکٹیں حاصل کی ہیں۔ ان کی واپسی سے امید کی جا رہی ہے کہ کولکاتا نائٹ رائیڈرز خاص طور پر ڈیتھ اوورز میں اپنی کارکردگی بہتر بنا سکے گی اور آئندہ میچز میں کامیابی حاصل کرے گی۔

## 18 سالہ گوٹ گوٹ نے 200 میٹر میں نئی تاریخ رقم کر دی، یوسین بولٹ کا ریکارڈ توڑ دیا



نئی دہلی 12 اپریل: نیوز ڈیسک: آسٹریلیا کے 18 سالہ ابھرتے ہوئے اسپرنٹر گوٹ گوٹ نے آسٹریلین ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں شاندار کارکردگی دکھاتے ہوئے 200 میٹر دوڑ 19.67 سیکنڈ میں مکمل کر کے ایک تاریخی سنگ میل عبور کر لیا اور عظیم جمیکن ایتھلیٹ یوسین بولٹ کا کم عمری کا ریکارڈ توڑ دیا۔ گوٹ گوٹ نے اس شاندار کارکردگی کے ساتھ نہ صرف ٹائٹل اپنے نام کیا بلکہ وہ 200 میٹر دوڑ 20 سیکنڈ سے کم وقت میں مکمل کرنے والے پہلے آسٹریلوی بھی بن گئے۔ اس سے قبل یوسین بولٹ نے 23 سال کی عمر سے پہلے 19.93 سیکنڈ کا بہترین وقت ریکارڈ کیا تھا، تاہم گوٹ گوٹ نے صرف 18 سال کی عمر میں اس سے کہیں بہتر کارکردگی دکھا کر عالمی اسپرنٹنگ میں نئی بحث چھیڑ دی ہے۔ یہ کارکردگی اس لیے بھی اہم ہے کیونکہ اس سے قبل گوٹ گوٹ نے 20 سیکنڈ سے کم وقت ضرور حاصل کیا تھا۔

Printed and Published by: SAHIL YOUSUF, On behalf of M/S Times Press, Chief Editor: BASHIR AHMAD BASHIR, Executive Editor, S.M. YOUSUF, Editor: SHADAB BASHIR, Managing Advertising: SEEMAAB BASHIR, Printed at: Times Press, Sheikh Bagh, Janglat Gali Lal Chowk Sgr Published from: 2nd Floor Shivnawas Building Opposite Budshah Bridge, Lal Chowk, Srinagar J&K-190001, R.N.I: 17647/69. Ph: 0194-2456781
E-mail: srinagartimes@gmail.com, Fax: 0194-2456781